## سوال

احتلام سے حج باطل نہیں ہوتا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے فریضہ حج ادا کیا اور منیٰ میں دوران قیام ایک رات مجھے احتلام ہوگیا لیکن میں غسل نہ کرسکا تو کیا اس صورت میں مجھ پر کچھ لازم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس شخص نے حج یا عمرے کا احرام باندھا اور اسے احتلام ہو جائے تو احتلام اس کے حج اور عمرہ پر اثر انداز نہیں ہوتا یعنی اس سے حج اور عمرہ باطل نہیں ہوتے، لہذا جسے احتلام ہو جائے تو وہ بیدار ہونے کے بعد غسل جنابت کر لے، اگر اس نے کپڑے پر منی کو لگا ہوا دیکھا ہو۔ احتلام کی وجہ سے کوئی فدیہ وغیرہ لازم نہیں ہے کیونکہ یہ اختیار میں نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث